نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب مشینی کاشت پروگرام کے تحت اربوں روپے کی لاگت سے 35 قسم کے زرعی آلات/مشینری کی کاشتکاروں کو 60 فیصد سبسڈی پر فراہمی کیلئے صوبہ بھر میں شفاف قرعہ اندازی کا ضلعی سطح پر انعقاد۔

لاہور 21 دسمبر 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مشینی کاشت پروگرام کے تحت اربوں روپے کی لاگت سے 35 قسم کے زرعی آلات/مشینری 60 فیصد سبسڈی پر فراہم کی جا رہی ہے۔اس پروگرام کے تحت ایک کاشتکار کو زیادہ سے زیادہ 5 لاکھ روپے تک سبسڈی فراہم کی جائے گی۔کاشتکاروں کو مشینری کی فراہمی کیلئے صوبہ بھر میں ضلعی سطح پر مقرر کردہ کوٹہ کی بنیاد پر منتخب نمائندوں کی موجودگی میں آج شفاف قرعہ اندازی کا انعقاد کیا گیا۔پنجاب کے مختلف اضلاع کی طرح ملتان میں بھی ضلعی سطح پر کاشتکاروں کو زرعی مشینری و آلات کی فراہمی کیلئے قرعہ اندازی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔اس ضمن میں ضلع ملتان کے 9 مراکز میں کل 305 کاشتکاروں نے درخواستیں جمع کروائیں جبکہ سکروٹنی کے بعد 238 درخواستوں پر آج قرعہ اندازی کا انعقاد ہوا جس کے تحت ضلع ملتان کے 27 کاشتکاروں کے بذریعہ شفاف قرعہ اندازی زرعی آلات و مشینری کیلئے منتخب ہوئے۔ملتان میں منعقدہ تقریب میں سابق رکن صوبائی اسمبلی رانا اعجاز احمد نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے رانا اعجاز احمد نون کا کہنا تھا کہ ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پلان وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ایک انقلابی منصوبہ ہے جس کے تحت مشینی زراعت کے فروغ سے فصلوں کی پیداوار بڑھانے میں مدد ملے گی۔کاشتکاروں کو سبسڈی پر زرعی آلات و مشینری کی فراہمی کا یہ منصوبہ حکومت پنجاب کی کسان دوست پالیسیوں کا عکاس ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ مشینی زراعت کے فروغ سے کاشتکار زمین کی تیاری سے فصلوں کی کاشت و برداشت تک کاشتی امور کی بروقت انجام دہی ممکن بنا سکتے ہیں۔اس موقع پر ڈائریکٹر زرعی انجینئرنگ حارث عبداللہ نے کہا کہ قرعہ اندازی کے ذریعے کامیاب کاشتکار اپنی مرضی کے زرعی آلات منتخب کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆